

اسلامی تاریخی معلومات کا مختصر مجموعہ

بنام

# اسلامک جنرل نالج

الاسلامی.نیٹ
www.AL ISLAMI.NET

حضرت مولانا ابرار احمد اعظمی

استاذ مفتی دار العلوم ندائے حق جلال پور، امبیڈکر نگر، یوپی

Misbahi Publication
NadiRoad MohammadabadGohna Mau
مصباحی پبلی کیشن
چھپائی
کمپوزنگ
بینڈنگ
Mob.818881 8465
کتب وشروح، شادی کارڈ، اشتہار، بینر، کمپوزنگ، چھپائی اور بینڈنگ کے لیے تشریف لائیں یا آڈر کریں۔
ALISLAMI.NET

# اسلامک جنرل نالج

حصہ اول

مرتب

مفتی ابرار احمد اعظمی

استاد دار العلوم ندائے حق جلال پور

MISBAHI PUBLICATION
مصباحی پبلی کیشن
محمد آباد گوہنہ
818881 8465
ہر طرح کی کتب چھپائی، کمپوزنگ، ڈیزائننگ وغیرہ کے لیے رابطہ کریں

https://alislami.net

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

نام کتاب.................................اسلامک جنرل نالج (اول)

مرتب..............................................مفتی ابرار احمد اعظمی

حسب فرمائش........ جناب محمد ادریس صاحب سیکریٹری دارالعلوم ندائے حق جلال پور یوپی

سن اشاعت باراول.............................صفر المظفر ۱۴۳۴ھ ۲۰۱۳ء

سن اشاعت بارسوم..............................۱۴۳۵ھ ۲۰۱۴ء

Rs. 30=00

تعداد........................۴۰۰۰

صفحات_______________۱۶ (سولہ)

https://alislami.net

# پیش لفظ

نحمدهٗ ونصلی علیٰ رسوله الکریم

دار العلوم ندائے حق جلالپور امبیڈکر نگر کے معزز اراکین کی دیرینہ خواہش تھی کہ اسلامی جنرل نالج کا ایک مختصر مجموعہ ابتدائی تعلیم کے نصاب میں داخل کیا جائے اور ابتدائی منزل ہی سے اسلامی تاریخ سے روشناس کرانے کے لئے طلبہ کی ذہن سازی کی جائے تاکہ آگے چل کر انھیں مزید تاریخی علوم سے دلچسپی اور اسلاف کے طرز حیات پر زندگی گذارنے کا جذبہ پیدا ہو۔ "اسلامی جنرل نالج" اسی سلسلہ کی ایک سعی اور دار العلوم ندائے حق جلالپور کے معزز اراکین کی دیرینہ خواہش کی تکمیل ہے۔ طلبہ کی ذہانت کو مدنظر رکھتے ہوئے پورے مجموعہ کو تین حصوں میں تقسیم کرکے ایک ایک حصہ درجہ سوم، چہارم، پنجم کے نصاب میں شامل کرنا مناسب ہوگا۔ جونیر اور شعبۂ عربی کے ابتدائی طلبہ کے لئے بھی یہ مجموعہ مفید ہوگا۔ امتحانات کے پرچے جدید طرز کے ہوں اور صحیح جواب کے لئے تین اختیاری گوشے (آپشن) دے جائیں تو زیادہ موزوں ہوں گے۔

مثال کے طور پر: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

☆ مدینہ میں ( ) ☆ مکہ میں ( ) ☆ بغداد میں ( )

اور جواب کے آگے صرف صحیح کے نشان (✓) پر اکتفا کیا جائے۔

اس کتاب کی ترتیب میں قرآن مجید، کتب تفاسیر، کتب احادیث، الاتقان، مناہل العرفان، مدارج النبوۃ، جذب القلوب، الخصائص الکبریٰ، الریاض النضرہ، مواہب لدنیہ، زرقانی علی المواہب، وفاء الوفا، سیرت المصطفیٰ، تواریخ حبیب اللہ، سیرت خلفائے راشدین، خطبات فقیہ ملت، تاریخ الخلفاء، زاد الاحباب، نور الابصار، جلیلۃ الاذکار کے علاوہ اور بہت سی معتبر کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔ تاہم ہر سوال و جواب کے ضمن میں حوالہ رقم کرنے سے اس لیے گریز کیا گیا تاکہ حوالہ کی عبارت مبتدی طلبہ کے نازک ذہن پر ثقل دگراں کی باعث نہ ہو۔ مختلف فیہ اقوال میں قول مشہور پر اکتفا کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔

دعا ہے کہ رب قدیر اس مختصر مجموعہ کو قبولیت کا شرف عطا فرمائے اور اس کے ذریعہ عامۂ مسلمین کو مستفید فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین علیہ الصلاۃ والتسلیم


ابرار احمد اعظمی

استاذ و مفتی دار العلوم ندائے حق جلالپور امبیڈکر نگر۔ یوپی

موبائل نمبر :: 9335350144


۲۴ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ




https://alislami.net

# امتحانی پرچے کا خاکہ (Model Paper)

۱۔ سب سے پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

☆ غارِ ثور میں ☆ غارِ حرا میں ☆ مسجد حرام میں

۲۔ سب سے پہلے کون سی آیت نازل ہوئی؟

☆ اِقْرَأْ ☆ سورۂ بقرہ ☆ سورۂ فاتحہ

۳۔ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نانی کا کیا نام تھا؟

☆ فاطمہ بنت عمرو ☆ مومنہ ☆ برّہ بنت عبدالعزیٰ

۴۔ بیت المقدس کی بنیاد کس نے ڈالی؟

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام ☆ حضرت داؤد علیہ السلام ☆ حضرت سلیمان علیہ السلام

۵۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلا نکاح کس خاتون سے کیا تھا؟

☆ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ☆ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ☆ حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا سے

۶۔ جس جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود شریک رہے اُسے کیا کہا جاتا ہے؟

☆ معرکہ ☆ سریہ ☆ غزوہ

۷۔ میزبان رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو ☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو ☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کو

۸۔ وہ کون صحابی ہیں جن کی شکل میں حضرت جبرئیل علیہ السلام آیا کرتے تھے؟

☆ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ ☆ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ ☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ

۹۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چوتھے خلیفہ اور جانشین کا کیا نام ہے؟

☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ

۱۰۔ سب سے پہلے امیر المومنین کس خلیفہ کو کہا گیا؟

☆ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ☆ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx



https://alislami.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

## ﴿ باب سیرت ﴾

س: حضور ﷺ کی خصلت وعادت اور آپ کی خصوصیت کو تاریخ اسلام میں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: سیرت۔

س: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس چیز کو پیدا کیا؟

ج: ہمارے حضور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو۔

س: ہمارے پیغمبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

ج: شہر مکہ میں۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کس تاریخ اور کس دن ہوئی؟

ج: ۱۲/ربیع الاوّل/۲۰/اپریل ۵۷۱ء دن دوشنبہ کو۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش جس جگہ ہوئی اس مقام کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: مَوْلِدُ النّبی۔

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت عبداللہ۔

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت آمِنَہ۔

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت عبدالمُطّلِب۔

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی کا کیا نام تھا؟

ج: فاطِمَہ بنت عَمْرو۔ (عمرو میں واو نہیں پڑھا جائیگا)

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نانا کا کیا نام تھا؟

ج: وَہْب بن عبد مناف۔

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نانی کا کیا نام تھا؟

ج: بَرّہ بنت عبدُالعُزّیٰ۔



https://alislami.net

س: ولادت کے بعد سب سے پہلے کس خاتون نے حضور ﷺ کو دودھ پلایا؟

ج: حضرت آمنہ نے۔

س: حضرت آمنہ کے بعد کس عورت نے حضور ﷺ کو دودھ پلایا؟

ج: حضرت ثُوَیْبَہ رضی اللہ عنہا نے۔

س: حضور ﷺ کو سب سے زیادہ دودھ پلانے کا شرف کس کو حاصل ہوا؟

ج: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کو۔

س: حضور ﷺ کی پیدائش سے کتنے دنوں پہلے آپ کے والد حضرت عبداللہ کا انتقال ہوا؟

ج: چھ مہینہ پہلے۔

س: حضور ﷺ کے والد حضرت عبداللہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج: دارِ نابغَہ میں۔

س: حضور ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ کا جب انتقال ہوا تو حضور ﷺ کی کیا عمر تھی؟

ج: چھ سال۔

س: حضور ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ کہاں دفن کی گئیں؟

ج: مقامِ اَبْواء میں۔

س: آپ ﷺ کا نام مُحَمَّد کس نے رکھا؟

ج: دادا حضرت عبدالمطلب نے۔

س: حضور ﷺ کی پیدائش کے ساتویں دن آپ کا عقیقہ کس نے کیا تھا؟

ج: دادا حضرت عبدالمطلب نے۔

س: دادا حضرت عبدالمطلب کے انتقال کے بعد حضور ﷺ کے کس چچا نے آپ کی پرورش فرمائی؟

ج: ابوطالب نے۔

س: حضور ﷺ نے ابوطالب کے ساتھ تجارت کے لئے ملک شام کا پہلا سفر کس عمر میں کیا؟

ج: بارہ سال کی عمر میں۔

س: اس نیک بخت راہب (عیسائی عالم) کا نام کیا تھا جس نے شام کے سفر میں حضور ﷺ کو دیکھتے ہی پہچان لیا تھا کہ نبی آخر الزّماں آپ ہی ہیں اور اعلان نبوت سے پہلے ہی آپ پر ایمان لایا؟

ج: بَحِیرا۔



https://alislami.net

س: حضور ﷺ نے جن عورتوں سے نکاح فرمایا انہیں کیا کہتے ہیں؟

ج: اُمّ المؤمنین (جمع اُمّہاتُ المؤمنین :: مومنوں کی مائیں)۔

س: حضور ﷺ نے کتنی عورتوں سے نکاح فرمایا؟

ج: گیارہ عورتوں سے۔

س: حضور ﷺ نے کتنی کنواری عورتوں سے نکاح فرمایا؟

ج: صرف ایک (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے)

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا نکاح کس عمر میں کیا تھا؟

ج: ۲۵ سال کی عمر میں۔

س: حضور ﷺ نے پہلا نکاح کس خاتون سے کیا تھا؟

ج: حضرت خَدِیْجَہ رضی اللہ عنہا سے۔

س: حضور نے حضرت خَدِیْجَہ رضی اللہ عنہا سے جب نکاح کیا تھا اُس وقت حضرت خدیجہ کی کیا عمر تھی؟

ج: چالیس سال کی۔

س: جس سال حضور ﷺ کے چچا ابو طالب پھر تین یا پانچ دن کے بعد آپ کی غمگسار شریک حیات حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا اس سال کو تاریخ اسلام میں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: عامُ الحُزُن (صدمہ کا سال)۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کہاں دفن کی گئیں؟

ج: مکہ مکرمہ کے قبرستان جَنَّۃُ المُعَلّٰی میں۔

س: ام المومنین حضرت مَیْمُوْنَہ رضی اللہ عنہا کی قبر کہاں ہے؟

ج: مقام سَرِف میں (جو مکہ سے تقریباً تین کلومیٹر دوری پر ہے)۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ اور میمونہ کے علاوہ بقیہ امہات المومنین کے مزارات کہاں ہیں؟

ج: مدینہ منورہ کے قبرستان جَنَّۃُ البَقِیع میں۔

س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نُبُوَّتْ کا اعلان کس عمر میں فرمایا؟

ج: چالیس ۴۰ سال کی عمر میں۔

س: اسلام کے ابتدائی دور میں کفار مکہ سے چھپ کر اسلام کی تعلیم و تبلیغ کہاں ہوتی تھی؟

ج: دَارِ اَرْقَم میں۔



https://alislami.net

س: اسلام کے تبلیغی سفر میں کہاں کے کافروں نے حضور ﷺ پر پتھر برسا کر آپ کو لہولہان کر دیا تھا پھر بھی آپ نے ان کے لئے ہلاکت کی دعا نہ فرمائی؟

ج: طائف کے کافروں نے۔

س: سفر طائف سے واپسی میں حضور ﷺ سے قرآن کی تلاوت سن کر قوم جنات آپ پر کہاں ایمان لائی تھی؟

ج: وادیٔ نخلہ میں (جہاں آج مَسْجِدِ جِنّ ہے)۔

س: خدائے تعالیٰ کے وہ پیغام جو نبیوں پر اترتے ہیں انھیں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: "وحی"

س: سب سے پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

ج: غارِ حرا میں۔

س: سب سے پہلی کون سی آیت نازل ہوئی؟

ج: "اِقْرَاْ"۔

س: اعلانِ نبوت سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہاں عبادت کرتے تھے؟

ج: غارِ حرا میں۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلی وحی کس مہینہ اور کس تاریخ کو نازل ہوئی؟

ج: رمضان کی ۱۷ رتاریخ دوشنبہ کو۔

س: مسلمانوں کے قبلۂ اوّل کا کیا نام ہے؟

ج: بَیْتُ الْمُقَدَّسُ۔ (بیت المقدس کو مسجد اقصیٰ بھی کہا جاتا ہے)

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلۂ اوّل بیت المقدس کی طرف رُخ کر کے کتنے دنوں نماز پڑھی؟

ج: سولہ یا سترہ مہینہ۔

س: اُس مسجد کا کیا نام ہے جس میں حضور ﷺ نے بیت المقدس اور کعبہ دونوں کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھی؟

ج: مسجد قِبْلَتَیْن۔

س: بیت المقدس کی بنیاد کس نے ڈالی تھی؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س: بیت المقدس کی تعمیر کو کس نے مکمل کرایا تھا؟

ج: حضرت سُلَیْمان علیہ السلام نے۔



https://alislami.net

س: کعبہ شریف کو کس کی خواہش پر مسلمانوں کا قبلہ بنایا گیا؟
ج: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش پر۔
س: کعبہ کی بنیاد کس نے ڈالی تھی؟
ج: فرشتوں نے۔
س: سب سے پہلے خانہ کعبہ کا طواف کس نے کیا؟
ج: فرشتوں نے۔
س: وہ کون کافر بادشاہ ہے جس نے ہاتھیوں کے لشکر کے ساتھ کعبہ کو ڈھانے کا ارادہ کیا تھا؟
ج: ابرہہ۔
س: جس سال ابرہہ اور اُس کے ساتھی کعبہ کو ڈھانے آئے تھے اُس سال کو کیا کہتے ہیں؟
ج: عامُ الْفِیْل (ہاتھی کا سال)
س: ابرہہ اور اس کے ساتھیوں کو قرآن مجید میں کیا کہا گیا ہے؟
ج: اصحابُ الفیل (ہاتھی والے)
س: ابرہہ کے ذریعہ کعبہ پر چڑھائی کا واقعہ حضور ﷺ کی پیدائش سے کتنے دن پہلے ہوا تھا؟
ج: ۵۵ دن پہلے۔
س: اللہ نے کعبہ کی حفاظت کن پرندوں کے ذریعہ فرمائی تھی؟
ج: ابابیل پرندوں کے ذریعہ۔
س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کل کتنی اولادیں تھیں؟
ج: کل سات اولادیں تھیں۔
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کل کتنے بیٹے تھے؟
ج: تین (حضرت قاسم، حضرت عبداللہ، حضرت ابراهیم) رضی اللہ عنہم
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کل کتنی بیٹیاں تھیں؟
ج: چار (حضرت زَیْنَبْ، حضرت رُقَیَّہ، حضرت اُمِّ کُلْثُوم، حضرت فاطِمَہ) رضی اللہ عنہن۔
س: حضور ﷺ کی اولاد میں سے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کس کے بطن سے پیدا ہوئے؟
ج: حضرت مارِیَہ قِبْطِیَہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے۔
س: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضور کی بقیہ اولاد کن اُم المومنین کے بطن سے پیدا ہوئیں؟



https://alislami.net

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے۔

س: حضور ﷺ کی وہ کون صاحبزادی ہیں جو جنتی عورتوں کی سردار ہوں گی؟

ج: حضرت فاطِمَہ زَھْرَا رضی اللہ عنہا۔

س: حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کس کے نکاح میں تھیں؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نکاح میں۔

س: حضور ﷺ کی کون کون صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں؟

ج: حضرت رُقَیَّہ، حضرت اُمِّ کُلثُوم رضی اللہ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی صاحبزادی حضرت زینب کس کے نکاح میں تھیں؟

ج: حضرت اَبُو الْعاص بن رَبِیْع رضی اللہ عنہ کے نکاح میں۔

س: حضور ﷺ کے سب سے بڑے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت قَاسِمْ رضی اللہ عنہ۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منجھلے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت عبدُاللّٰہ رضی اللہ عنہ۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے چھوٹے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت اِبْراھِیْم رضی اللہ عنہ۔

س: جس جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود شریک رہے اُسے کیا کہا جاتا ہے؟

ج: غَزْوَہْ۔

س: جس جنگ میں حضور ﷺ شامل نہ ہوئے بلکہ آپ کے حکم سے لشکر بھیجا گیا اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: سَرِیَّہ۔

س: اسلام کے دِفاع کے لئے سب سے پہلا کون سا غزوہ ہوا؟

ج: غزوۂ بَدْر۔

س: ابو جَھْل کس جنگ میں مارا گیا؟

ج: جنگ بدر میں۔

س: جنگ بدر میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟

ج: چودہ (۱۴)۔



https://alislami.net

س: جنگ بدر میں کتنے کافر مارے گئے اور کتنے گرفتار ہوئے؟

ج: ستر (۷۰)۔

س: جنگ بدر میں مجاہدین اسلام کی کتنی تعداد تھی؟

ج: تین سو تیرہ (۳۱۳)۔

س: جنگ بدر میں کافروں کی کل تعداد کتنی تھی؟

ج: ایک ہزار۔

س: حضور ﷺ کے دندان مبارک کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ اُحد میں۔

س: حضور ﷺ کے چچا حضرت امیر حمزہ کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ اُحُد میں۔

س: وہ کون سا پہاڑ ہے جس کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں؟

ج: اُحُد پہاڑ۔

س: حضور ﷺ کے چچا حضرت امیر حمزہ کا مزار کہاں ہے؟

ج: اُحُد پہاڑ کے دامن میں۔

س: تیمم کا حکم کس غزوہ میں نازل ہوا؟

ج: غزوۂ بنی مُصطَلِقْ میں۔

س: تاریخ اسلام کی مشہور صلح "صُلحِ حُدَیْبِیَہ" کس سن ہجری میں ہوئی؟

ج: سن ۶ ہجری میں۔

س: قرآن مجید میں کس صلح کو فتح مبین (کھلی ہوئی فتح) کہا گیا؟

ج: "صُلحِ حُدَیْبِیَہ" کو۔

س: "صُلحِ حُدَیْبِیَہ" کے موقع پر ببول کے درخت کے نیچے صحابہ کرام نے وفاداری اور جاں نثاری کا عہد کرتے ہوئے حضور ﷺ سے جو بیعت فرمائی تھی اسے کیا کہا جاتا ہے؟

ج: بَیْعَتِ رِضْوَان۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کو کس سن ہجری میں فتح کیا؟



https://alislami.net

ج: سن ۸ ہجری میں۔

س: فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ نے جہاں جھنڈا نصب کیا تھا وہاں پر بنی ہوئی مسجد کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: مَسْجِدُ الرَّایَہ (جھنڈے والی مسجد)

س: فتح مکہ کے بعد خانہ کعبہ کی چابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو عطا کی تھی؟

ج: حضرت عُثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کو

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اُس تلوار کا نام کیا تھا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ملی تھی؟

ج: ذُوالفِقَار۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد کتنے حج ادا کیے؟

ج: ایک حج (حَجَّۃُ الوَدَاع)

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے عمرے ادا کیے؟

ج: چار (۴)

س: مقام تَنْعِیْم جہاں سے حضور ﷺ نے حضرت عائشہ کو عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم دیا تھا وہاں پر بنی ہوئی مسجد کس نام سے مشہور ہے؟

ج: مسجدِ عَائِشَہْ کے نام سے۔

س: سب سے پہلے کس نبی کی اُمّت جنت میں جائے گی؟

ج: ہمارے حضور ﷺ کی اُمّتْ۔

س: قیامت کے دن سب سے پہلے شفاعت کا دروازہ کون کھٹکھٹائے گا؟

ج: ہمارے حضور ﷺ۔

س: جسم وروح کے ساتھ جس رات حضور ﷺ نے آسمانوں، جنت و دوزخ کی سیر فرمائی اور اللہ تعالیٰ کے دیدار سے مشرف ہوئے اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: مِعْرَاج۔

س: واقعہ معراج کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۵۲ سال۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر معراج کی شروعات کس کے مکان سے کی؟

ج: اُمِّ ھَانِی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا کے مکان سے۔



https://alislami.net

س: پانچ وقت کی نمازیں کب فرض ہوئیں؟
ج: شبِ معراج میں۔
س: حضور ﷺ نے معراج کی رات سب انبیا کی امامت کہاں فرمائی تھی؟
ج: بیت المقدس میں۔
س: معراج کی رات جس نماز میں حضور ﷺ نے تمام نبیوں کی امامت فرمائی اُس میں اذان کس نے دی تھی؟
ج: حضرت جِبْرَئِیل علیہ السلام نے۔
س: سفرِ معراج میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو سب سے بڑی فضیلت اور خصوصیت عطا ہوئی وہ کیا تھی؟
ج: اللہ تعالٰی کا دیدار۔
س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کتاب نازل کی گئی اُس کا کیا نام ہے؟
ج: قُرآن مَجِیْد۔
س: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ کون سا مُعْجِزَہ دیا گیا جو ہمیشہ باقی رہے گا؟
ج: قرآن مجید۔
س: قرآن مجید کس زبان میں نازل کیا گیا؟
ج: عربی زبان میں۔
س: قرآن مجید کتنے دنوں میں نازل ہوتا رہا؟
ج: ۲۳ سال میں۔
س: لوحِ محفوظ سے آسمانِ دُنیا پر قرآن مجید کو کب اُتارا گیا؟
ج: شبِ قدر میں۔
س: شبِ قدر کتنے مہینوں کی راتوں سے افضل ہے؟
ج: ہزار مہینوں کی راتوں سے۔
س: قرآن کی جو سورتیں ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں اُنہیں کیا کہتے ہیں؟
ج: مَکّی سُورَتیں۔
س: قرآن کی جو سورتیں ہجرت کے بعد نازل ہوئیں اُنہیں کیا کہتے ہیں؟
ج: مَدَنی سُورَتیں۔
س: قرآن مجید میں کتنے سجدے ہیں؟


https://alislami.net

ج: چودہ (۱۴)

س: قرآن مجید میں کتنی منزلیں ہیں؟

ج: سات (۷)

س: قرآن مجید میں کتنے رکوع ہیں؟

ج: پانچ سو اٹھاون (۵۵۸)

س: قرآن مجید میں زبر زیر اور نقطے کب لگائے گئے؟

ج: حجاج بن یوسف کے زمانے میں۔

س: قرآن میں اس وقف (ٹھہراؤ) کو کیا کہا جاتا ہے جہاں پر ٹھہرنے والے کو مغفرت کی بشارت دی گئی ہے؟

ج: وَقْفِ غُفْرَانْ۔

س: قرآن میں وقف غفران کتنے ہیں؟

ج: دس (۱۰)

س: قرآن میں اس وقف (ٹھہراؤ) کو کیا کہا جاتا ہے جہاں پر تلاوت کرنے والے کے لئے ٹھہرنا ضروری ہے؟

ج: وَقْفِ لَازِمْ۔

س: قرآن مجید میں کل کتنی سورتیں ہیں؟

ج: ایک سو چودہ (۱۱۴)

س: قرآن مجید کی کتنی سورتیں مکی ہیں؟

ج: تراسی '۸۳' سورتیں۔

س: قرآن مجید کی کتنی سورتیں مدنی ہیں؟

ج: اکتیس '۳۱' سورتیں۔

س: قرآن مجید میں کتنی آیتیں ہیں؟

ج: چھ ہزار چھ سو سولہ (۶۶۱۶)

س: قرآن مجید میں کتنے کلمے ہیں؟

ج: ستتر ہزار نو سو چونتیس (۷۷۹۳۴)

س: قرآن مجید میں کتنے حروف ہیں؟

ج: تین لاکھ تیئیس ہزار چھ سو اکہتر (۳۲۳۶۷۱)



https://alislami.net

س: قرآن مجید کی آیتوں کو لے کر کون فرشتہ نازل ہوتا تھا؟

ج: حضرت جبرئیل علیہ السلام۔

س: قرآن مجید کا سب سے پہلے فارسی ترجمہ کس نے کیا؟

ج: حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س: قرآن مجید کا سب سے پہلے اُردو میں کس نے ترجمہ کیا؟

ج: شاہ رفیع الدین دِہلَوی رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے قرآن کا جو اردو ترجمہ کیا اس کا کیا نام ہے؟

ج: کَنزُ الْاِیْمَانُ۔

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جس کا مثل نہ توَرَاۃ میں ہے نہ انجیل میں نہ زبور میں اور نہ ہی قرآن کی دوسری سورتوں میں؟

ج: سُوْرَۃُ فَاتِحَہ۔

س: قرآن کی وہ کون سی آیت ہے جسے اَسّی ہزار فرشتے لے کر نازل ہوئے تھے؟

ج: آیۃُ الکُرسِی۔

س: قرآن کی سب سے لمبی سورہ کون ہے؟

ج: سورۂ بَقَرَہ۔

س: حمد الٰہی پر مشتمل ہونے کی حیثیت سے قرآن کی سب سے لمبی اور باعظمت آیت کون ہے؟

ج: آیۃ الکرسی۔

س: ایک کلمہ پر مشتمل ہونے کی حیثیت سے سب سے چھوٹی آیت کون ہے؟

ج: ”مُدْھَامَّتٰنِ“

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جسے تین مرتبہ پڑھنے سے پورے قرآن کا ثواب ملتا ہے؟

ج: سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔

س: سورۂ تَبَّتْ یَدَا کس گستاخ رسول کے بارے میں نازل ہوئی؟

ج: حضور ﷺ کا چچا ابولہب اور اس کی بیوی اُمِّ جَمِیل کے بارے میں۔

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جسے ہر رات پڑھنے والا کبھی فاقہ میں مبتلا نہ ہوگا؟

ج: سورۂ وَاقِعَہ۔



https://alislami.net

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جسے ہر رات پڑھنے والا عذاب قبر سے محفوظ رہے گا؟

ج: سورۂ مُلک۔

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جسے قرآن کا دل کہا گیا ہے؟

ج: سورۂ یٰسین۔

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جسے مرنے والے مسلمان کے پاس پڑھنے سے اس کی روح بآسانی قبض کی جاتی ہے؟

ج: سورۂ یٰسین۔

س: قرآن کی وہ کون سی سورہ ہے جسے قرآن کی زینت کہا گیا؟

ج: سورۂ رَحمٰن۔

س: قرآن کی وہ کون سی دو سورتیں ہیں جنھیں پڑھے بغیر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں سوتے تھے؟

ج: سورۂ سَجدَہ اور سورۂ مُلک۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری زندگی کتنے برس کی تھی؟

ج: ۶۳ برس کی۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۵۳ سال مکہ میں جو زندگی گذاری اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: مَکّی زندگی۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دس سال مدینہ منورہ میں جو زندگی گذاری اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: مَدَنی زندگی۔

س: کفارِ مکہ نے حضور ﷺ کے قتل کی سازش کہاں رچی تھی؟

ج: دارُ النَّدوَہ میں (جو قُصَیّ بن کِلاب کا مکان تھا)

س: دین کی حفاظت کے لئے اپنے وطن کو چھوڑ دینے کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: ہِجرَت۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس عمر میں مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی؟

ج: ۵۳ سال کی عمر میں۔

س: ہجرت میں حضور ﷺ کے ساتھ کون صحابی تھے؟

ج: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ۔



https://alislami.net

س: حضور ﷺ کس صحابی کو اپنے بستر پر سُلا کر ہجرت کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو۔

س: سفر ہجرت میں حضرت ابوبکر کے ساتھ سانپ کے ڈسنے اور حضور ﷺ کے لعاب دہن کی برکت سے زہر کا اثر ختم ہونے کا واقعہ کس غار میں پیش آیا تھا؟

ج: غارِ ثَوْر میں۔

س: حضور ﷺ کی حفاظت کے لئے مکڑی کے جالا تننے اور ببول کا درخت پیدا ہونے کا واقعہ کس غار میں پیش آیا تھا؟

ج: غارِ ثَوْر میں۔

س: حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر کو کفار مکہ کی نگاہوں سے بچانے کے لئے جن کبوتروں نے غار ثور میں انڈے دیئے تھے اُن کی نسل کہاں رہتی ہے؟

ج: حرم شریف میں۔

س: دوران ہجرت حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے غار ثور میں کتنی رات قیام فرمایا؟

ج: تین رات۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس اونٹنی پر سوار ہو کر ہجرت فرمائی اُس کا کیا نام تھا؟

ج: قَصْوَاء۔

س: اسلام میں کتنی بار ہجرت ہوئی؟

ج: دو بار۔

س: پہلی ہجرت کہاں ہوئی تھی؟

ج: حبشہ۔

س: دوسری ہجرت کہاں ہوئی تھی؟

ج: مدینہ۔

س: مدینہ کا پرانا نام کیا تھا؟

ج: یَثْرِبْ۔

س: مدینہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کس کے مکان پر ٹھہری تھی؟

ج: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان پر۔



https://alislami.net

س: حضور ﷺ نے حضرت ابوایوب کے مکان پر کتنے دنوں قیام فرمایا؟
ج: سات ماہ۔
س: جب مدینہ منورہ میں حضور ﷺ کی جلوہ گری ہوئی تو کس قبیلہ کی بچیاں بارگاہ رسالت میں نعتیہ کلام پیش کررہی تھیں؟
ج: قبیلہ بَنُو نَجّار کی بچیاں۔
س: وہ کون سی مسجد ہے، جس میں ایک رکعت نماز پچاس ہزار رکعت کے برابر ہے؟
ج: مَسجِدِ نَبَوِی۔
س: آج جہاں مسجد نبوی ہے وہاں پہلے کیا تھا؟
ج: بَنُو نَجّار کا ایک باغ تھا۔ (جس کے مالک دو یتیم بچے سَہل و سُہَیل تھے)
س: مسجد نبوی کی زمین کس کے مال وزر سے خریدی گئی تھی؟
ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مال وزر سے۔
س: وہ کون سی مسجد ہے، جس میں صف کے بائیں جانب کھڑے ہونے میں زیادہ ثواب ہے؟
ج: مسجدِ نَبَوِی۔
س: مسجدِ نبوی میں سب سے پہلے محراب کس نے بنوائی؟
ج: حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے۔
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کس مسجد کی بنیاد ڈالی؟
ج: مسجد قُبا کی۔
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت صحابہ کے ساتھ سب سے پہلے کس مسجد میں نماز ادا کی؟
ج: مسجد قُبا میں۔
س: وہ کون سی مسجد ہے، جس میں دو رکعت نماز پڑھنا عمرہ کے برابر ہے؟
ج: مسجد قُبا۔
س: حضور ﷺ نے بنی سالم میں جہاں پہلی جمعہ کی نماز ادا فرمائی وہاں پر بنی ہوئی مسجد کس نام سے مشہور ہے؟
ج: مَسجِدِ جُمُعَہ کے نام سے۔
س: منافقوں کی اس مسجد کا کیا نام تھا جسے حضور ﷺ نے جلانے کا حکم دیا تھا؟
ج: مسجدِ ضِرَار۔



https://alislami.net

س: جس دروازے سے حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آتے تھے اُسے کیا کہتے ہیں؟
ج: باب جبرئیل علیہ السلام۔
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی بار تشریف لائے؟
ج: چوبیس ہزار بار '۲۴۰۰۰'۔
س: ظاہری زندگی کے آخری لمحات میں حضور ﷺ نے کس چیز کی خواہش ظاہر کی تھی؟
ج: مسواک کی۔
س: ظاہری زندگی کے آخری لمحات میں حضور ﷺ نے کس حق اللہ اور فریضہ کی تاکید فرمائی تھی؟
ج: نماز کی۔
س: وصیت کے مطابق حضور ﷺ کو کس نے غسل دیا تھا؟
ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (اور دیگر اہل بیت مدد میں تھے)
س: حضور ﷺ کو کتنے کپڑوں مین کفن دیا گیا؟
ج: تین سفید کپڑوں میں (جو یمن کے ایک گاؤں سَحُوْل کے بنے ہوئے تھے)
س: حضور ﷺ کی قبر کھودنے کی خدمت کس صحابی نے انجام دی تھی؟
ج: حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ نے۔
س: حضور ﷺ کی قبر شریف کس انداز کی کھودی گئی صندوقی یا بغلی؟
ج: بغلی۔
س: حضور ﷺ کی نماز جنازہ کیسے پڑھی گئی؟
ج: جماعت کے بغیر اکیلے اکیلے۔
س: حضور ﷺ کی نماز جنازہ میں کیا پڑھا گیا؟
ج: درود وسلام۔
س: بوقت دفن قبر انور میں حضور ﷺ کا آخری دیدار کس نے کیا تھا؟
ج: حضرت قُثَم بن عباس رضی اللہ عنہما نے۔
س: حضور ﷺ کی قبر پر پانی کا چھڑکاؤ کس نے کیا تھا؟
ج: حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا روضۂ انور کہاں ہے؟



https://alislami.net

ج: مدینہ منورہ میں۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کس اُم المومنین کے حجرہ میں بنی ہوئی ہے؟

ج: اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں۔

س: حضور کے روضۂ انور پر صبح و شام کتنے فرشتے سلام کے لئے حاضر ہوتے ہیں؟

ج: ایک لاکھ چالیس ہزار۔

س: روئے زمین پر وہ کون سی قبر ہے جس کی زیارت کرنے والا قیامت کے دن شفاعت کا حقدار ہوگا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک۔

س: قیامت کے دن سب سے پہلے اپنی قبر سے کون نکلے گا؟

ج: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔

س: زمین کا وہ کون سا حصہ ہے جو عرشِ الٰہی سے بھی افضل ہے؟

ج: زمین کا وہ حصہ جو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک جسم سے ملا ہوا ہے۔

س: مسجد نبوی میں جس منبر پر حضور ﷺ خطبہ دیتے تھے اسے کس نے بنایا تھا؟

ج: مدینہ کے ایک بڑھئی میمون نے۔

س: منبر نبوی پر سب سے پہلے غلاف کس نے چڑھایا؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اور منبر نبوی کے درمیان جو جگہ ہے اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: رِیَاضُ الجَنّہ۔

س: قیامت کے روز حضور کے جس جھنڈے کے نیچے تمام اولین و آخرین جمع ہوں گے اُس کا نام کیا ہے؟

ج: لِوَاءُ الْحَمد۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ پر سب سے پہلے گنبد کی تعمیر کس نے کرائی؟

ج: مَلِکُ منصور قلاوٗن صالحی نے۔

## صحابۂ کرام

س: جس نے ایمان کی حالت میں حضور سے ملاقات کی اور ایمان پر اُسکا خاتمہ ہوا اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: صحابی۔

س: جس نے کسی صحابی سے ایمان کی حالت میں ملاقات کی اور ایمان کی حالت میں اُسکا خاتمہ ہوا



https://alislami.net

اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: تابِعِیؒ۔

س: جن صحابہ کرام نے ہجرت فرمائی انہیں کیا کہتے ہیں؟

ج: مُہَاجِرِین صَحابہ۔(واحد: مہاجر صحابی)

س: مدینہ منورہ میں جن صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر طرح مدد فرمائی انہیں کیا کہتے ہیں؟

ج: انصار صحابہ۔(واحد: انصاری صحابی)

س: مسجد نبوی سے متصل بنے ہوئے سایہ دار چبوترے پر جو صحابہ کرام گذر بسر کرتے اور اسلام کی تعلیم حاصل کرتے تھے انھیں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: اَصْحَابِ صُفّہ۔

س: صحابۂ کرام کی وہ جماعت جو پہلے ایمان لائی اُسے کیا کہتے ہیں؟

ج: سابِقین اَوّلین۔

س: جو صحابہ کرام جنگ بدر میں شامل تھے انھیں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: بدری صحابہ۔

س: سید الانصار کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت سعد بن مُعاذ انصاری رضی اللہ عنہ کو۔

س: میزبان رسولؐ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت اَبُو اَیُّوبؓ انصاری رضی اللہ عنہ کو۔

س: مدینہ والوں میں سب سے پہلے کون صحابی مسلمان ہوئے؟

ج: حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ۔

س: تمام مرد صحابہ میں سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟

ج: حضرت اَبُوبَکر صِدیق رضی اللہ عنہ۔

س: عورتوں میں سب سے پہلے کون مسلمان ہوئیں؟

ج: حضرت خَدِیجہ رضی اللہ عنہا۔

س: بچوں میں سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔



https://alislami.net

س: موالی (آزادکردہ غلاموں) میں سب سے پہلے کون اسلام لائے؟

ج: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س: خالص غلاموں میں سب سے پہلے کون مسلمان ہوئے؟

ج: حضرت بلال رضی اللہ عنہ۔

س: بادشاہوں میں سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟

ج: حبشہ کا بادشاہ نجاشی (جس کا نام اَصْحَمَہ تھا)۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے سب سے پہلے مدینہ شریف کی طرف ہجرت فرمائی؟

ج: حضرت اَبُو سَلَمَہ بن عبدُ الاَسَد رضی اللہ عنہ۔

س: مردوں میں وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے سب سے زیادہ حدیثیں بیان کیں؟

ج: حضرت ابوہُریرہ رضی اللہ عنہ۔

س: عورتوں میں وہ کون صحابیہ ہیں جنھوں نے سب سے زیادہ حدیثیں بیان کیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کی سب سے پہلے نماز جنازہ پڑھی گئی؟

ج: حضرت اسعد بن زُرَارَہ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے سب سے آخر میں انتقال فرمایا؟

ج: حضرت اَبُوالطُّفَیل عامر بن واثلہ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے سب سے پہلے جمعہ کی امامت فرمائی؟

ج: حضرت مُصْعَبْ بن عُمَیْر رضی اللہ عنہ۔

س: ہجرت سے پہلے کن دو صحابی کو حضور ﷺ نے اسلام و قرآن کی تعلیم دینے کے لئے مدینہ بھیجا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن اُمِّ مکتوم اور حضرت مُصْعَبْ بن عُمَیْر رضی اللہ عنہما کو

س: وہ کون صحابی ہیں جنھیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سَیِّدُ الشُّہَدَاء کہا؟

ج: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کی گواہی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مردوں کی گواہی کے برابر فرمایا؟

ج: حضرت خُزَیْمَہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کی شہادت کے بعد انھیں فرشتوں نے غسل دیا، اس لئے اُن کو غَسِیلُ الملائکہ کہتے ہیں؟



https://alislami.net

ج: حضرت حَنْظَلَۃُ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ دس صحابہ کرام جنھیں حضور ﷺ نے بیک وقت جنت کی خوشخبری سنائی انھیں کیا کہتے ہیں؟

ج: عَشَرَۃُ مُبَشَّرَۃُ۔

س: ہجرت کے بعد انصار صحابہ کے یہاں سب سے پہلا بچہ کون پیدا ہوا؟

ج: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ۔

س: ہجرت کے بعد مُہاجرین صحابہ کے یہاں جو سب سے پہلا بچہ پیدا ہوا وہ کون تھا؟

ج: حضرت عبد اللہ بن زُبیر رضی اللہ عنہ۔

س: اسلام میں سب سے پہلی شہید ہونے والی کون صحابیہ ہیں؟

ج: حضرت سُمَیَّہ رضی اللہ عنہا (جو حضرت عمّار بن یاسر کی والدہ تھیں)

س: وہ کون صحابی ہیں جن کی صورت میں حضرت جبرئیل آیا کرتے تھے؟

ج: حضرت دِحْیَہ کَلْبی رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شکل سے ملتے جلتے تھے؟

ج: حضرت عُرْوَہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ۔

س: اس صحابی کا کیا نام ہے جو عرب کے مشہور سخی حاتم طائی کے بیٹے ہیں؟

ج: حضرت عَدِی بن حاتم رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے صلح حُدَیبیہ کے موقع پر حضور ﷺ سے سب سے پہلے بیعت فرمائی؟

ج: حضرت ابُو سِنَان بن وَھْب رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیف اللہ (اللہ کی تلوار) کا لقب دیا تھا؟

ج: حضرت خالد بن وَلید رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی رسول ہیں جو جنگل میں راستہ بھول گئے تھے تو شیر نے اُن کی مدد کی تھی؟

ج: حضرت سَفینہ رضی اللہ عنہ۔

س: تمام اُمت میں سب سے افضل کون صحابی ہیں؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد سب سے افضل کون ہیں؟

ج: حضرت عُمر فاروق رضی اللہ عنہ۔



https://alislami.net

س: حضرت عُمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بعد سب سے افضل کون ہیں؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد سب سے افضل کون صحابی ہیں؟

ج: شیر خدا حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س: جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرنے والے مُسَیلِمہ کذّاب کو کس صحابی نے قتل کیا تھا؟

ج: حضرت وَحشی رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو خوف خدا سے قبرستان میں اتنا روتے کی آپ کی داڑھی آنسوں سے تر ہو جاتی؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س: خَاتَمُ المُهاجِرِين کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو۔

س: ترجمانِ قرآن کس صحابی کا لقب ہے؟

ج: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا۔

س: اَمِینُ الامت کس صحابی کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت ابو عُبَیدَہ بن الجَرَّاح رضی اللہ عنہ کو۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سَیِّدُ المُسلِمِین کہتے تھے؟

ج: حضرت اُبَیّ بن کَعْبْ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے سب سے پہلے مسجد نبوی میں چراغ روشن کیے؟

ج: حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کا کھلم کھلا اعلان کیا؟

ج: حضرت خَبَّاب بن الاَرَتّ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے کعبہ کے اندر سب سے پہلے اسلام کا اعلان کیا؟

ج: حضرت ابو ذرِ غِفارِی رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے اسلام کے راستے میں سب سے پہلے شہادت پائی؟

ج: حضرت یاسر رضی اللہ عنہ۔

س: اسلام قبول کرنے کی وجہ سے سب سے پہلے کن صحابی کو کافروں نے سولی پر چڑھایا؟



https://alislami.net

ج: حضرت خُبیب بن عَدِی رضی اللہ عنہ کو۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کے بارے میں حضور ﷺ نے بادشاہ ایران کسریٰ کے کنگن پہننے کی پیشگوئی فرمائی تھی؟

ج: حضرت سُراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے قریش مکہ کے سامنے سب سے پہلے بلند آواز سے قرآن پڑھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

س: فتح مکہ کے بعد خانہ کعبہ کی چھت پر چڑھ کر سب سے پہلے کس صحابی نے اذان دی؟

ج: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے۔

س: تاریخ اسلام میں خانہ کعبہ میں سب سے پہلی نماز کس دن پڑھی گئی؟

ج: جس دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسلام لائے۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو تمام مالداروں میں سب سے پہلے جنت میں جائیں گے؟

ج: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کے لئے حضور ﷺ نے مقبول الدُعاء ہونے کی دعا فرمائی اور صحابہ اُن کے پاس دعا کرانے آتے تھے؟

ج: حضرت سعد بن ابی وقّاص رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کا نام قرآن میں آیا ہے؟

ج: زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کے پیچھے حضور ﷺ نے نمازیں پڑھیں؟

ج: حضرت ابو بکر اور حضرت عبدالرحمٰن بن عَوف رضی اللہ عنہما۔

س: حضور ﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا کہ وہ میری امت میں سب سے زیادہ حلال و حرام کا علم رکھنے والے ہیں؟

ج: حضرت مُعاذ بن جبل رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھیں قیامت کے دن علما کا امام بنایا جائے گا؟

ج: حضرت مُعاذ بن جبل رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کی عمر سب سے لمبی ساڑھے تین سو سال تک بیان کی گئی ہے؟

ج: حضرت سَلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔



https://alislami.net

س: وہ کون صحابیہ ہیں جن کی پاکدامنی کے لئے قرآن کی آیت نازل ہوئی؟

ج: اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

س: جَنَّةُ البقیع میں سب سے پہلے کس صحابی کو دفن کیا گیا؟

ج: حضرت عثمان بن مَظعُون رضی اللہ عنہ کو۔

س: اسلام میں سب سے پہلے کس صحابی نے کعبہ پر ریشم کا غلاف چڑھایا؟

ج: حضرت عبداللہ بن زُبیر رضی اللہ عنہ نے۔

س: سب سے پہلے مسجدوں میں روشن دان کس صحابی نے لگوائے؟

ج: حضرت امیر مُعَاوِیہ رضی اللہ عنہ نے۔

س: کس صحابی نے اذان دینے کے لئے مینارہ بنوائے؟

ج: حضرت امیر مُعاویہ رضی اللہ عنہ نے۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنہیں جنتی جوانوں کا سردار کہا گیا؟

ج: حضرت حُسَنؓ و حُسَینؓ رضی اللہ عنہما کو۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنکی نیکیاں آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں؟

ج: حضرت عُمر رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو فتح مکہ کے موقعہ پر سب سے پہلے اسلام لائے؟

ج: حضرت ابوسُفیان رضی اللہ عنہ (ام المومنین حضرت ام حبیبہ کے والد)

س: وہ کون صحابی ہیں جن سے قیامت کے دن سب سے پہلے فرشتے مصافحہ کریں گے؟

ج: حضرت ابودَرْدَاء رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو سب سے پہلے حوضِ کوثر کا پانی پئیں گے؟

ج: حضرت صُہَیب رومی رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو سب سے پہلے جنت کا پھل کھائیں گے؟

ج: حضرت ابودَحْدَاح رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں کہ دفن کے بعد سب سے پہلے اُن کی قبر پر پانی چھڑکا گیا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جو اپنی دس بیویوں کے ساتھ اسلام لائے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے چار کو رکھا باقی کو طلاق دیدی؟



https://alislami.net

ج: حضرت غَیلان بن سَلَمہ رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے ہجرت کے موقعہ پر مدینہ میں داخل ہوتے وقت جھنڈے اور جلوس کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا؟

ج: حضرت بُرَیدہ اَسلَمِی رضی اللہ عنہ۔

س: اسلام میں سب سے پہلے شاعر کون صحابی ہوئے؟

ج: حضرت حَسّان بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

س: سب سے پہلے رجسٹری کا محکمہ کس نے قائم کیا؟

ج: حضرت امیر مُعاوِیہ رضی اللہ عنہ نے۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کل صحابہ کی تعداد کتنی تھی؟

ج: تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

س: جَنّتُ البَقِیع میں تقریباً کتنے صحابہ کے مزارات ہیں؟

ج: دس ہزار۔

## خلفائے راشدین

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جو آپ کے جانشین ہوئے انھیں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: خلفائے راشدین۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے خلیفہ اور جانشین کا کیا نام ہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن سے قیامت کے روز کہا جائے گا کہ جنت کے آٹھوں دروازوں سے جس سے چاہو جنت میں داخل ہو جاؤ؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون خلیفہ ہیں جنھیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ظاہری زندگی میں امامت کے لئے آگے بڑھایا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: کس خلیفہ کے حکم سے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے قرآن کو جمع کرنے کا کام شروع کیا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون خلیفہ ہیں جنھوں نے منکرین زکاۃ (زکاۃ کی فرضیت کا انکار کرنے والوں) سے جہاد کیا؟



https://alislami.net

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: خلفائے راشدین میں وہ کون ہیں جنھیں سب سے پہلے خلیفہ کا لقب دیا گیا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: خلفائے راشدین میں وہ کون ہیں جنھوں نے سب سے پہلے بیت المال (اسلامی خزانہ) قائم کیا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: ابوقُحافہ عثمان بن عامر رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: سَلمٰی بنت صَخر رضی اللہ عنہا۔

س: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی وہ کون صاحبزادی ہیں جو حضور کے نکاح میں آئیں؟

ج: اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت کتنے دنوں تھی؟

ج: دو برس تین مہینہ گیارہ دن۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی ظاہری زندگی میں کتنی نمازیں پڑھائیں؟

ج: سترہ نمازیں۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات کس تاریخ کو ہوئی؟

ج: ۲۲ جُمادی الآخرہ ۱۳ھ کو۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس میں۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے خلیفہ اور جانشین کا کیا نام ہے؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: خطّاب۔



https://alislami.net

س: حضرت عمر کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: حَنْتَمَہْ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کی رائے کی موافقت میں وحی نازل ہوتی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: چالیسویں نمبر پر مسلمان ہونے والے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کہاں اسلام لائے؟

ج: دَارِ اَرْقَمْ میں۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کے اسلام لانے پر آسمان کے فرشتوں نے خوشیاں منائیں؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون خلیفہ ہیں جنھیں سب سے پہلے امیر المومنین کہا گیا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: کس خلیفہ نے سب سے پہلے جیل خانہ بنوایا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: کس خلیفہ نے پولیس محکمہ اور فوج کا شعبہ قائم کیا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: کس خلیفہ نے سب سے پہلے مسافر خانہ اور گیسٹ ہاؤس بنوائے؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو یہی ہوتے؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: کس خلیفہ کے زمانے میں بیت المقدس فتح ہوا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں۔

س: وہ کون خلیفہ ہیں جن کے زمانہ سے جماعت کے ساتھ بیس رکعت تراویح کی نماز رائج ہوئی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: سب سے پہلے مردم شماری کس نے کرائی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی وہ کون صاحبزادی ہیں جو حضور ﷺ کے نکاح میں تھیں؟



https://alislami.net

ج: ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا۔

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت کتنے دنوں تک تھی؟

ج: ساڑھے دس سال۔

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت کس تاریخ کو ہوئی؟

ج: ۲۸ رذی الحجہ ۲۳ھ کو (تاریخ شہادت یکم محرم ۲۴ھ بھی بیان کی گئی ہے)

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس صحابی نے پڑھائی؟

ج: حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ نے۔

س: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس میں۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تیسرے خلیفہ اور جانشین کا کیا نام ہے؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: عَفّان۔

س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: اَرْوٰی۔

س: وہ کون صحابی ہیں جن کے نکاح میں یکے بعد دیگرے حضور کی دو صاحبزادیاں ہونے کی وجہ سے انھیں ذُو النُّورَیْن کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امت میں سب سے زیادہ حیادار کس کے بارے میں فرمایا یہاں تک کہ فرشتے بھی ان سے حیا کرتے تھے؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے بِیرِ رُومَہ خرید کر اس کا پانی تمام مسلمانوں پر وقف کر دیا تھا؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س: سب سے پہلے مسجدوں میں پردے کا انتظام اور مسجدوں کو خوشبوؤں سے کس نے معطر کیا؟

ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔

https://alislami.net

س: جامعُ القرآن (قرآن کو اکٹھا کرنے والے) کس صحابی کو کہتے ہیں؟
ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو۔
س: وہ کون خلیفہ ہیں جن کے زمانے سے جمعہ کی نماز میں دو اذانیں رائج ہوئیں؟
ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔
س: سب سے پہلے موذن کی تنخواہ کس نے مقرر کی؟
ج: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔
س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کتنے سال تک خلیفہ رہے؟
ج: بارہ سال۔
س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟
ج: ۱۸/ذوالحجہ ۳۵ھ کو۔
س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج: حضرت زُبیر بن العوّام رضی اللہ عنہ نے۔
س: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف کے کس قبرستان میں دفن کیا گیا؟
ج: جَنّۃُ البَقِیع میں۔
س: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چھوتے خلیفہ اور جانشین کا کیا نام ہے؟
ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔
س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے والد کا نام کیا تھا؟
ج: ابو طالب۔
س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج: حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا۔
س: وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے کبھی بُت کا سجدہ نہیں کیا اِس لئے انھیں "کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ" کہتے ہیں؟
ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔
س: وہ کون صحابی ہیں جن کی فضیلت میں سب سے زیادہ قرآن کی تین سو آیتیں نازل ہوئیں؟
ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔
س: وہ کون صحابی ہیں جن کے بارے حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ اللہ ورسول سے محبت کرتے ہیں اور

https://alislami.net

اللہ ورسول ان سے محبت کرتے ہیں؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س: فاتح خیبر کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو۔

س: ''اَسَدُ اللّٰہ'' یعنی شیرِ خدا کس صحابی کا لقب ہے؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھیں حضور نے ''کَرّار'' کا لقب دیا تھا یعنی دشمن پر بار بار حملہ کرنے والا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون صحابی ہیں جنھیں ''بابُ العِلم'' (علم کا دروازہ) کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کل کتنی شادیاں کی تھیں؟

ج: نو(۹)

س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وہ کون شریک حیات ہیں جن کی موجودگی میں حضرت علی پر دوسرا نکاح حرام تھا؟

ج: حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا۔

س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وہ کون صاحبزادی ہیں جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں؟

ج: حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا۔

س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مدتِ خلافت کیا ہے؟

ج: چار سال سات مہینہ۔

س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟

ج: ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ (تاریخ شہادت ۱۹، ۲۰، اور ۲۲ رمضان المبارک بھی بیان کی گئی ہے)

س: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے۔

س: مشہور قول کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج: نجف میں۔



https://alislami.net

**Misbahi Publication**

Mahrupur(NadiRoad)MohammadabadGohna

Mau276403E.misbahi.publication@gmail.com

**Mob. 8188818465**

مصباحی پبلی کیشن


## مسلمان وہی ہے

## جو اللہ ورسول کا فرماں بردار ہے (حافظ ملت)

قول حافظ ملت:

## تضیع اوقات سب سے بڑی محرومی ہے

باہمی نزاعات سے دور رہیں اور کسی جگہ کوئی اختلاف رونما ہو تو اصلاح ومصالحت کی تدبیر کریں دردمندی اور اخلاص سے کوشش ہوئی تو کامیاب ہو یا ناکام اس کا اجر ان شاء اللہ ضرور حاصل ہوگا۔

رہنماے علم وعمل از علامہ محمد احمد مصباحی